# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 26 February-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۶؍فروری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آیوش نظام کو دنیا بھر میں قبولِ عام- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کا اظہارِ خیال‘ شیگاؤں میں صحت میلے کا افتتاح۔

☆ ریاستی سرکاری ملازمین کے مہنگائی بھتے میں جولائی 2025 سے تین فیصد کا اضافہ۔

☆ ریاست میں امن وقانون کی صورتحال اور منشیات کے مسئلے پر اسمبلی میں بحث۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں اساتذہ کی 73 آسامیوں کیلئے ازسرِ نو ہوگا بھرتی کا عمل۔

اور۔۔۔☆ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج بھارت- زمبابوے اور ویسٹ انڈیز- جنوبی افریقہ کی ٹیمیں آمنے سامنے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے کہا ہے کہ آیوش نظام کا تعاون بہت اچھا ہے اور آج‘ علاج کے ان طریقوں کو پوری دنیا میں تسلیم کیا جارہا ہے۔ وہ کل بلڈانہ ضلعے کے شیگاؤں میں قومی صحت میلے کا افتتاح کرنے کے بعد مخاطب تھیں۔ انہوں نے کہا کہ آیوش علاج کے طریقوں کو فروغ دینے سے کسانوں کی معاشی حالت بہتر ہوتی ہے اور ماحولیاتی تحفظ میں بھی مدد ملتی ہے۔ صدرِ جمہوریہ نے آیوش کے طریقۂ علاج کے فوائد اور ان کو فروغ دینے کیلئے حکومت کی طرف سے کی جارہی مختلف کوششوں کے بارے میں جانکاری دی۔ انھوں نے کہا:

**Byte: President Draupadi Murmu**

ریاستی گورنر آچاریہ دیووَرت، آیوش کے وزیرِ مملکت پرتاپ راؤ جادھو، مرکزی وزیرِ مملکت برائے کھیل رکشا کھڑسے اور وزارتِ آیوش کے سکریٹری راجیش کوٹیچا اس تقریب میں موجود تھے۔ اس موقع پر آیورویدطبّی کارکنان کی خدمات کی ستائش کی گئی۔

برہما کماری تنظیم کی ریاستی سطح کی ’’اتحاد اور اعتماد کے ذریعے مہاراشٹر کا سنہرادور‘‘ مہم کی صدرِ جمہوریہ کی موجودگی میں کل ناگپور میں شروعات ہوئی۔ اس مہم کے تحت نشے سے پاک معاشرے کا قیام، متوازن طرزِ زندگی، صفائی، قدر پرمبنی تعلیم، یوگا، ماحولیاتی تحفظ اور سماجی ہم آہنگی کو خصوصی ترجیح دی جائے گی۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ اس پروگرام سے شہریوں کو روحانی سکون، مثبت توانائی اور قدر پرمبنی ترقی کی تحریک حاصل ہوگی۔

***** ***** *****

حکومت نے جولائی 2025 سے ریاست کے سرکاری اور دیگر اہل ملازمین کے مہنگائی بھتے میں تین فیصد کا اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریاستی وزیر آشیش جیسوال نے کل قانون ساز کونسل میں اس کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مہنگائی بھتہ اب 55 سے بڑھا کر 58 فیصد کردیا جائے گا۔ جیسوال نے بتایا کہ اس سے پانچ لاکھ 16 ہزار برسرِ کار ملازمین اور آٹھ لاکھ 72 ہزار سبکدوش ملازمین کو فائدہ پہنچے گا۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی میں گورنر کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر کل سے بحث کا آغاز ہوا۔ اس بحث میں حصہ لیتے ہوئے کانگریس رہنماء وجئے وڈیٹیوار نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ریاست میں امن وقانون کی صورتحال خراب ہے، اسکول بند ہورہے ہیں، لیکن گورنر کے خطاب میں ایک بھی مسئلہ کا ذکر نہیں کیا گیا۔ وڈیٹیوار نے کہا کہ یقین دہانیوں کے باوجود کسانوں کے قرضہ جات معاف نہیں کیے گئے اور حکومت صرف نعرے بازی سے کام لے رہی ہے۔

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے رہنماء جینت پاٹل نے کہا کہ گورنر نے اعتراف کیا ہے کہ ریاست میں بے روزگاری بڑھ رہی ہے اور ملک کی معیشت میں ریاست کا حصہ کم ہورہا ہے۔

شیوسینا کے رکنِ اسمبلی نیلیش رانے اور کانگریس قائد امین پٹیل نے ریاست میں منشیات کا موضوع اٹھایا۔ جبکہ شیکھر نکم، ونئے کورے نے بھی اس بحث میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

اطلاعات وٹکنالوجی کے ریاستی وزیر آشیش شیلار نے کل اسمبلی کو بتایا کہ حکومت آن لائن گیمنگ کو لے کر سنجیدہ ہے اور اس کیلئے ایک ٹاسک فورس تشکیل دی گئی ہے۔ رکنِ اسمبلی نرنجن ڈاوکھرے اور سنجے کینیکر نے آن لائن گیمز اور موبائل کی لت کی وجہ سے بچوں کی ذہنی، تعلیمی اور سماجی صحت کو خطرے میں ڈالنے کے حوالے سے توجہ دلاؤ تحریک پیش کیں۔ جس کا جواب دیتے ہوئے آشیش شیلار نے کہا کہ والدین کو ڈیجیٹل خواندگی کی ضرورت ہے جبکہ بچوں کو ڈیجیٹل خوراک کی ضرورت ہے۔

***** ***** *****

وزیر بھرت گوگاولے نے اسمبلی میں وضاحت کی کہ روزگار ضمانت اسکیم کے تحت کسی بھی ملازم کو ملازمت سے محروم نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ طلب کے مطابق کام فراہم کرنے کی پالیسی پر عمل جاری رہے گا اور کسی بھی قسم کا بھید بھاؤ نہیں کیا جائے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

خواتین میں مادرِ رحم کے سرطان کی HPV ویکسین اب مفت کردی گئی ہے۔ مرکزی حکومت نے ملک بھر میں 14 سال سے کم عمر لڑکیوں کیلئے مفت ویکسینیشن پروگرام کو منظوری دی ہے۔ یہ ویکسین سرکاری اسپتالوں، ضلع اسپتالوں، سماجی صحت مراکز اور آیوشمان طبّی مراکز میں دستیاب ہوگی۔ دھاراشیو کے رکنِ پارلیمان اوم پرکاش راجے نمبالکر نے لوک سبھا میں اس ویکسین کو قومی سطح پر مفت دستیاب کرانے کا مطالبہ کیا تھا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ مملکت رام داس آٹھولے نے کہا ہے کہ وہ مہایوتی کی طرف سے راجیہ سبھا کی سات نشستوں کیلئے آئندہ انتخابات دوبارہ لڑیں گے۔ وہ کل پربھنی میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ آٹھولے نے کہا کہ وزیرِ اعظم مودی کی قیادت میں ملک ترقی کررہا ہے اور بھارت چند دنوں میں تیسرے نمبر پر پہنچ جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں اساتذہ کی 73 آسامیوں پر بھرتی کا عمل ریاستی حکومت کے نئے قواعد و ضوابط کے مطابق انجام دیا جائے گا۔ رجسٹرار ڈاکٹر پرشانت امرتکر نے بتایا کہ جنھوں نے پہلے درخواست دی ہے انہیں ازسرِ نو "ATR" بھرنا ہوگا، جبکہ نئے امیدوار بھی درخواست دے سکیں گے۔ اس میں پروفیسر کے زمرے کی آٹھ آسامیاں، اسوسی ایٹ پروفیسر کی 12 اور معاون پروفیسر کی 53 جائیدادیں شامل ہیں۔ مرکزی حکومت کے سمرتھ پورٹل کے ذریعے آج سے 12 مارچ تک آن لائن درخواستیں دی جاسکتی ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی کے ضلع کلکٹر دفتر پر شکتی پیٹھ شاہراہ کے خلاف کسانوں کی بھوک ہڑتال مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنماء منوج جرانگے پاٹل نے ختم کروائی۔ اس سے قبل انہوں نے وزیرِ محصول چندر شیکھر باونکولے سے فون پر بات کی۔ اس دوران، باونکولے نے شکتی پیٹھ شاہراہ سے متعلق مسائل کا حل نکالنے کیلئے آئندہ 5 تاریخ کو ممبئی میں ایک اجلاس منعقد کرنے کا تیقن دیا۔

***** ***** *****

امید - مہاراشٹر ریاست جیون انتی مشن کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر میں علاقائی اور ضلعی سطح کی منی سرس نمائش کا افتتاح کل رابطہ وزیر سنجے شرساٹ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس نمائش میں کُل 150 اسٹالز لگائے گئے ہیں۔

***** ***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر ریسرچ اینڈ ٹریننگ انسٹیٹیوٹ-BARTI اور مہاراشٹر فروغِ صنعت مرکز کے اشتراک سے جالنہ ضلع میں درج فہرست ذات کے نوجوانوں کیلئے ایک تکنیکی فروغِ صنعت تربیتی پروگرام چلایا جائے گا۔ اس تربیت میں ویب ڈیزائننگ، سائبر سیکیورٹی اور ڈیٹابیس ریکوری، اینیمیشن اور گرافکس شامل ہیں۔ خواہشمند امیدواروں سے جالنہ میں مہاراشٹر فروغِ صنعت مرکز کے دفتر سے رابطہ کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔

***** ***** *****

سابق وزیرِ اعلیٰ شنکر راؤ چوہان کی برسی کے موقعے پر آج ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں ''ملکی آئین میں سیکولرازم کا مطلب'' کے موضوع پر بزرگ مفکر شیش راؤ مورے ایک خصوصی لیکچر دیں گے۔ یہ پروگرام یونیورسٹی کے سوشل سائنس کمپلیکس میں منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں ذہنی معذور بچوں کی پرورش کے موضوع ایک ورکشاپ کا انعقاد ماہرینِ امراض اطفال ایسوسی ایشن، ضلع پریشد کے شعبۂ معذورین اور ٹاٹا پاور کمیونٹی ڈیولپمنٹ کے اشتراک سے کیا گیا ہے۔ کل 27 تاریخ کو دھاراشیو ضلع اسپتال میں منعقد ہونے والی یہ ضلع میں اس طرح کی پہلی ورکشاپ ہے۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے سپر ایٹ مرحلے میں آج بھارت اور زمبابوے کے درمیان میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے چنئی میں شروع ہوگا۔ جبکہ دیگر ایک میچ میں احمد آباد میں ویسٹ انڈیز اور جنوبی افریقہ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

***** ***** *****

بیڑ کے رکنِ پارلیمان بجرنگ سونو نے نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلعے میں 23 تاریخ کو ہوئی غیر موسمی بارش سے ہونے والے نقصانات کا فوری جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے اس سلسلے میں ضلع کلکٹر کو ایک مطالباتی محضر بھی پیش کیا۔

دریں اثناء، بجرنگ سونو نے کو لوک سبھا سکریٹریٹ کی معرفت قائم کردہ بھارت-ازبکستان پارلیمانی خیر سگالی گروپ کا رکن بھی مقرر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ آیوش نظام کو دنیا بھر میں قبولِ عام۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کا اظہارِ خیال؛ شیگاؤں میں صحت میلے کا افتتاح۔

☆ ریاستی سرکاری ملازمین کے مہنگائی بھتے میں جولائی 2025 سے تین فیصد کا اضافہ۔

☆ ریاست میں امن و قانون کی صورتحال اور منشیات کے مسئلے پر اسمبلی میں بحث۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں اساتذہ کی 73 آسامیوں کیلئے از سرِ نو ہوگا بھرتی کا عمل۔

اور۔۔۔☆ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج بھارت۔ زمبابوے اور ویسٹ انڈیز۔ جنوبی افریقہ کی ٹیمیں آمنے سامنے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****